شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

04اپریل2023ء

پریس ریلیز

حکومت،اپوزیشن اور تمام ریاستی ادارے سپریم کورٹ کے فیصلے پر مِن وعَن عمل کریں۔(شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): حکومت، اپوزیشن اور تمام ریاستی ادارے سپریم کورٹ کے فیصلے پر مِن وعَن عمل کریں۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ اجتماعی زندگی کے معاملات کو نمٹاتے ہوئے بعض اوقات دنیا بھر میں تنازعات کھڑے ہو جاتے ہیں پاکستان کی سیاسی جماعتیں ایک سال سے الیکشن کے انعقاد کے حوالے سے باہم الجھی ہوئیں تھیں۔ اس دوران پنجاب اور KPK کے وزراءاعلیٰ نے اپنی اسمبلیاں تحلیل کر دیں آئین کے مطابق نگران وزراءاعلیٰ مقرر کر دیئے گئے لیکن اُنہوں نے آئین کے مطابق 90 روز میں الیکشن کروانے کے حوالے سے لیت و لعل سے کام لینا شروع کر دیا۔ بد قسمتی سے سیاست دان خود باہمی افہام و تفہیم سے اس معاملہ کو طے کرنے میں ناکام رہے اور بات عدالت تک پہنچ گئی اور بالآخر سپریم کورٹ نے فیصلہ کر دیا کہ پنجاب کے الیکشن 14 مئی 2023ء کو کروائے جائیں گے۔ اُنہوں نے کہا کہ یہ کسی فرد یا جماعت کی ہار یا جیت نہیں یہ آئین اور قانون کی جیت ہے۔ دنیا بھر میں پاکستان کے حوالے سے جو یہ تاثر اُبھر رہا تھا کہ ہمارا ملک 'بنانا ریپبلک' بن چکا ہے وہ بھی ذائل ہوا ہے لہٰذا یہ پاکستان کی بھی جیت ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ حکومت کا اخلاقی، قانونی اور آئینی فرض ہے کہ وہ اس فیصلے پر مِن وعَن عمل درآمد کرے۔ اُنہوں نے کہا کہ تنظیم اسلامی کا یہ سوچا سمجھا اور طے شدہ موقف ہے کہ پاکستان کی بقاء اور سلامتی اسلامی نظام کے قیام سے وابستہ ہے جس کے لیے پُرامن، منظم اور انقلابی جدوجہد ضروری ہے۔ البتہ جب تک انقلاب برپا نہیں ہو جاتا، ملک کے معاملات چلانے کے لیے جمہوری عمل کا جاری رہنا مفید رہے گا۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: Tuesday 04 April, 2023

"The government, the opposition and all state institutions must implement the Supreme Court's decision as instructed."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): The government, the opposition, and all state institutions must implement the Supreme Court's decision as instructed. This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. He said that, at times, conflicts arise while solving the collective problems of the state throughout the world, and that the political parties of Pakistan were entrapped in a mutual dispute concerning conducting of elections. Meanwhile, the Chief Ministers of Punjab and KPK dissolved their assemblies, and following law, caretaker Chief Ministers were appointed, but they in turn observed indolence in organizing elections within 90 days, defying law. Unfortunately, politicians failed to resolve this issue through mutual dialogue which resulted in it reaching the courtroom, and ultimately, the Supreme Court passed decision that Punjab elections will be held on the 14th of May, 2023. He added that it is the triumph of the constitution and law, instead of being victory or defeat for any individual or party. The perception forming around the globe that our country has been reduced to a "banana republic" has also subsided, thus, it is also a triumph for Pakistan itself. He said that it is the constitutional, legal and moral duty of the government to implement this decision as it is. He further said that it is Tanzeem-e-Islami's considered and established point of view that Pakistan's survival and safety is entirely dependent on the establishment of the Islamic system, for which a peaceful and disciplined and revolutionary struggle is essential. Till the time this revolution is still brewing, the democratic system would serve the purpose of running the affairs of the state.

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim Nashr o Ishaat
Tanzeem e Islami Pakistan